دونعمتیں ایسی ہیں، جن کے بارے میں بہت سارے لوگ (ان کے غلط استعمال کی وجہ سے) خسارے اور گھاٹے میں رہتے ہیں صحت اور فراغت

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: "دونعمتیں ایسی ہیں، جن کے بارے میں بہت سارے لوگ (ان کے غلط استعمال کی وجہ سے) خسارے اور گھاٹے میں رہتے ہیں صحت اور فراغت"

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے اس حدیث میں انسان کو حاصل اللہ کی دو عظیم ترین نعمتوں کے بارے میں خبر دی ہے، جن کے غلط استعمال کی وجہ سے اکثر لوگ ان کے بارے میں خسارے میں رہتے ہیں کیوں کہ جب انسان کے پاس صحت وفراغت دونوں رہتی ہیں، تو اس پر نیکی کے کاموں میں سستی حاوی ہو جاتی ہے اور اس طرح وہ گھاٹا اٹھانے والا ٹھہر جاتا ہے اکثر یہی دیکھنے کو ملتا ہے لیکن اگر دونوں کا استعمال نیکی کے کاموں میں کر لیتا ہے، تو نفع اٹھانے والا ٹھہرتا ہے کیوں کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے دنیا میں جو تجارت ہوتی ہے اس کا نفع آخرت میں دیکھنے کو ملتا ہے فراغت کے بعد مشغولیت آجاتی ہے اور صحت کے بعد بیماری آجاتی ہے اگر ایسا نہ بھی ہو تو بڑھاپا آجاتا ہے اور اس کے بعد زیادہ کچھ باقی نہیں رہ جاتا

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5449

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY